سوال

(701)حرام حمل کی حالت میں اسی شخص سے شادی کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت بیوہ کوایک شخص کا حمل حرام کا ہے۔اب یہ عورت مذکورہ انہی ایام حمل میں اسی شخص کے ساتھ جس کا اس کو حمل حرام ہے نکاح کرسکتی ہے یانہیں؟اوراگرنکاح کرسکتی ہے توبعدنکاح تاوضع حمل اپنے خاوندسے صحبت اوروطی وغیرہ کراسکتی ہے؟بموجب قرآن وحدیث کے جواب مرحمت فرمایاجائے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیوہ مذکورہ ایام حمل میں اس شخص کے ساتھ جس سے اس کوحمل حرام کا ہے نکاح کرسکتی ہے کیونکہ یہ دونوں زانی ہیں۔اورزانیہ کا نکاح زانی سے جائزہے۔اوریہ شخص بعدنکاح کے اس بیوہ منکوحہ کے ساتھ وطی بھی کرسکتا ہے،کیونکہ یہ حمل اس شخص کا ہے،استبرائے رحم کی کچھ حاجت نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 497

محدث فتویٰ